رائے عامہ سروے

ٹیکنالوجی

# پاکستان (9%) کے مقابلے میں عالمی سطح پر زیادہ تر افراد (60%) ڈیٹا کے غلط استعمال کا شکار ہونے کی اطلاع دیتے ہیں۔

(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،

(اسلام آباد)، 09 جون، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، پاکستان (9%) کے مقابلے میں عالمی سطح پر زیادہ تر افراد (60%) ڈیٹا کے غلط استعمال کا شکار ہونے کی اطلاع دیتے ہیں۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ ہر براعظم میں مارکیٹ ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33,236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ ٹیکنالوجی کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے سروے کے تازہ ترین نتائج شائع کیے ہیں تاکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اپنی ذاتی معلومات شیئر کرنے کے حوالے سے خدشات کو سمجھا جا سکے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 15 اکتوبر سے 18 دسمبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں دنیا بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کو کبھی مندرجہ ذیل میں کسی واقع/پریشانی کا سامنا کرنا پڑا؟** "۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 2% جوابدہندگان کے مطابق انہیں کمپنیوں کی طرف سے سپیم (SPAM) ای میل موصول ہوئی جن سے کبھی انہوں نے رابطہ نہیں کیا، 3% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں فشنگ/غلط ای میل یعنی جعلی ای میلز موصول ہوئی جس میں ذاتی معلومات فراہم کرنے کی درخواست کی گئی تھی جیسے کہ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات وغیرہ، 1% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی ذاتی تفصیلات / معلومات لیک ہو گئی تھی، 2% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا ای میل اکاؤنٹ ہیک ہوا، جبکہ 2% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا بینک اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ ہیک ہوا/ کسی دوسرے فرد نے دھوکہ سے استعمال کیا، تاہم 91% جوابدہندگان کے مطابق ان میں سے کوئی واقع پیش نہیں آیا۔

" **برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کو کبھی مندرجہ ذیل میں کسی واقع/پریشانی کا سامنا کرنا پڑا؟** "





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

دوسرے ممالک کے لوگوں کی نسبت امریکا اور بھارت کے لوگوں میں پرائیویسی کے حوالے سے زیادہ مسائل نظر آئے۔

### ممالک کے اعتبار سے نتائج





*اپینڈکس میں ممالک کی مکمل فہرست اور اُن کے نتائج دیے گئے ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

عام طور پر، خواتین کی نسبت مرد حضرات ڈیٹا کے استعمال کے حوالے سے زیادہ محتاط ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ خواتین کے مقابلے میں ڈیٹا کے غلط استعمال کا کم شکار ہوئے ہیں۔

### جنس کے اعتبار سے نتائج





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## اپینڈکس:

**سوال: "برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کو کبھی مندرجہ ذیل میں کسی واقع/پریشانی کا سامنا کرنا پڑا؟"**

**حصہ-اول**


### ممالک کے اعتبار سے نتائج




*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔

حصہ-دوم

## ممالک کے اعتبار سے نتائج




*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 15 اکتوبر 2021 تا 18 دسمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, June 09, 2022**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)